nystateofhealth
The Official Health Plan Marketplace

آپ کو حیرت ہوگی کہ...

ایک اچھا کم قیمت کا صحت منصوبہ حاصل کرنا کس قدر آسان ہے۔

NY State of Health میں آپ پائیں گے:

- مشہور نام والی کمپنیوں کی جانب سے بہت سارے معیاری صحت منصوبے
- آپ کے منتخب کردہ منصوبے کے لیے ادائیگی کرنے میں مدد
- کم آمدنی والے افراد اور خاندانوں کے لیے ایک نیا ایسنشیئل پلان (Essential Plan)

سائن اپ کرنا آسان ہے۔ اپنے خاندان کے ہر ممبر کے لیے یہ معلومات تیار رکھیں:

- پیدائش کی تاریخیں
- سوشل سیکیورٹی نمبر یا قانونی تارکین وطن کے لیے دستاویزات کے نمبر اگر وہ آپ کے پاس ہوں
- ملازمت، آمدنی، اور صحت بیمہ کی معلومات

1-855-355-5777 یا TTY: 1-800-662-1220

nystateofhealth.ny.gov

ایک شخصی معاون کےساتھ

مزید >

نیا

ایسنشیئل پلان

ایسنشیئل پلان نیا ہے اور کم آمدنی والے نیو یارک کے بہت سارے باشندوں کے لیے بالکل ٹھیک ہے۔ کچھ کے لیے اس پر ایک ڈالر یومیہ سے کم لاگت آتی ہے۔ دوسروں کے لیے اس کی لاگت کچھ بھی نہیں ہے۔

اور اس میں کوئی قابل کٹوتی رقم نہیں ہے، لہذا یہ منصوبہ اسی وقت سے آپ کی نگہداشت صحت کے لیے ادائیگی کرنا شروع کر دیتا ہے۔ ایسنشیئل پلان دوسرے صحت منصوبوں کی طرح وہی فوائد پیش کرتا ہے:

- ڈاکٹر سے ملاقاتیں، بشمول ماہرین خصوصی
- آپ کے ڈاکٹر کے آرڈر کردہ جانچیں
- نسخے کی دوائیں
- ہسپتال میں ان پیشنٹ اور آؤٹ پیشنٹ نگہداشت

ایسنشیئل پلان کے تحت، ہر صحت خدمت کے لیے آپ جو حصہ ادا کرتے ہیں — آپ کی ضمنی ادائیگی — بھی کافی کم ہے۔ اور کبھی کبھی تو یہ $0 ہوتی ہے۔

اور آپ کو صحت مند رکھنے کے لیے *بنائی گئی خدمات*، جیسے معمول کے ڈاکٹر کے معائنوں اور اسکریننگز کے لیے آپ کچھ بھی ادائیگی نہیں کرتے ہیں۔

ایسنشیئل پلان کے لیے سائن اپ شروع ہو رہا ہے نومبر 2015 میں یا اس کے بعد کسی بھی وقت۔

1-855-355-5777 یا TTY: 1-800-662-1220

nystateofhealth.ny.gov

مفت شخصی مدد کے ذریعے

مدد آپ کی اپنی زبان میں دستیاب ہے۔

nystateofhealth™
The Official Health Plan Marketplace